سوال

قضا نمازوں کی ترتیب اور دوسری نماز کے فرائض کے وقت قضا نماز کا حکم ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا قضا نمازیں ادا کرتے ہوئے ان کی ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہے ؟ اور رہ جانے والی نماز بعد والی نماز کی جماعت کے بعد پڑھی جاسکتی ہے ۔ ؟ ازراہ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں ۔ جزاکم اللہ خیرا

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک یا اس سے زیادہ نمازیں اگر قضا ہوجائیں تو انہیں ترتیب کے ساتھ پڑھنا چاہیے اسی طرح اگر ایک نماز قضا کے بعد دوسری نماز کی جماعت کے وقت یاد آے تو قضا نماز اور جس نماز کی جماعت کھڑی ہے اس میں رکعات کی مماثلت ہو تو پہلے قضا نماز کی نیت کرے مثلاً ظہر کی نماز اگر قضا ہوئی ہے تو عصر کی نماز یعنی فرائض کو ظہر کی نیت سے پڑھ لے بعد میں ظہر ادا کرلے ۔ ہاں اگر فجر کی نماز یعنی دو رکعت قضا ہیں تو عصر کی نماز یعنی چار رکعات والی جماعت میں دو رکعت کی نیت نہیں کی جاسکتی ۔ اسی طرح مغرب کی تین رکعات کی عشاء کی جماعت میں نیت نہیں کی جاسکتی ۔ لہٰذا یہ بعد میں بھی پڑھی جاسکتی ہے اگر مماثلت والی نمازوں میں بھی قضا ادا کرنے کا یاد نہ آئے تو بعد میں بھی پڑھی جاسکتی ہے ۔ واللہ اعلم وباللہ التوفیق

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ